باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
ABC CERTIFIED

DAILY FRONTLINE KARACHI

روزنامہ فرنٹ لائن کراچی

چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان

ویب سائٹ www.frontline-news.pk

ای میل frontlinenewspk@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 16 فروری 2022ء، 14 رجب المرجب 1443ء | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 75

وفاقی محتسب بہترین کارکردگی کا مثالی ادارہ ہے، عارف علوی

فوری انصاف کی فراہمی کے لئے قانون سازی کی مدد سے وفاقی محتسب کو مضبوط اور موثر بنانا ہوگا، صدر مملکت

وفاقی محتسب کو ملک کے دور دراز علاقوں تک لے کر جارہے ہیں، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو بہترین کارکردگی کا ایک مثالی ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب عوام الناس کو بغیر کسی خرچے کے فوری انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وفاقی محتسب کو انتظامی ناانصافیوں کے خلاف غریب عوام کو بلا معاوضہ انصاف فراہم کرنے کے لئے تنازعات نمٹانے کے متبادل نظام کی روشنی میں اپنے دائرہ کار کو مزید وسعت دینی چاہیئے اور اس مقصد کے لئے بھرپور آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ صدر پاکستان نے کہا کہ سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف فوری انصاف کی فراہمی کے لئے وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو قانون سازی کے ذریعے مضبوط اور موثر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کو بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کے لئے بیرون ملک پاکستانیوں کی وزارت کے تعاون سے ایک مربوط حکمت عملی تیار کرنی چاہیئے۔ صدر پاکستان نے وفاقی محتسب سے کہا کہ ایسے ادارے جن کے خلاف زیادہ شکایات ہیں ان کے سربراہان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ میٹنگز کر کے نظام میں بہتری لانے کے لئے اصلاحات کی جانی چاہئیں۔ صدر پاکستان نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے دورہ کے موقع پر ایک بریفنگ کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرے لئے اس ادارے کا دورہ ہمیشہ ایک خوشگوار تجربہ رہا ہے اور میں اس ادارے کو مزید مضبوط اور کارآمد بنانے کے لئے ہر طرح کے تعاون کے لئے تیار ہوں۔ اجلاس میں ایوان صدر کے کنسلٹنٹ (لیگل افیئرز) جسٹس ریٹائرڈ سید زاہد حسین، وفاقی محتسب کے سیکرٹری اعجاز احمد خان اور سینئر ایڈوائزرز نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان کو اپنے ادارے کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کے 14 علاقائی دفاتر سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عام آدمی کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں، اس کے علاوہ ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے غریب عوام کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے ہمارے انوسٹی گیشن افسران دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں جارہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو بتایا کہ ان کے ادارے نے کرونا کے باوجود سال 2021ء کے دوران ایک لاکھ چھ ہزار 732 شکایات کے فیصلے کیے جن میں سے 92.7 فیصد فیصلوں پر متعلقہ اداروں نے عملدرآمد بھی کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بیرون ملک پاکستانیوں کی سہولت کے لئے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر "ون ونڈو سہولتی ڈیسک" قائم کیے گئے ہیں۔ گزشتہ برس 51 ہزار سے زائد بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات نمٹائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران شکایت کنندگان کی طرف سے درج کرائی گئیں 4.84 بلین روپے مالیت کی شکایات کے مقدمات نمٹائے گئے۔ اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان کو ان اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جو وفاقی محتسب نے بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کی روک تھام اور اسٹریٹ چلڈرن کی فلاح کے لئے صوبائی محتسبین اور صوبائی حکومتوں کے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اٹھائے ہیں۔

روزنامہ پیغام فیصل آباد
16-2-2022

وفاقی محتسب کا غفلت کے مرتکب ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم

غیر قانونی اسپیڈ بریکرز اور بنیادی سہولیات کے فقدان کے خلاف شکایات پر ازخود نوٹس

اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دے کر اسے ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پولیس فاؤنڈیشن اور سی ڈی اے کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ سیکٹر E-11 میں غفلت اور بدانتظامی کے مرتکب ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کریں۔ قبل ازیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سیکٹر E-11 میں غیر قانونی اسپیڈ بریکرز اور دیگر بنیادی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 62)

بقیہ نمبر 62

سہولیات کے فقدان کے خلاف سیکٹر E-11 کے رہائشیوں کی شکایات پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے ایک اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دے کر اسے ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ انکوائری کمیٹی نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔

روزنامہ صورت حال بدھ 16 فروری 2022ء

DAILY SOORAT-E-HAL

صورت حال

News.surathal@gmail.com
soorathal@gmail.com

فیصل آباد : فاروق سنٹر ملک فیصل آباد بینکنگ کمپلیکس فیصل آباد
لاہور : 116 جگمیر بلاک بحریہ ٹاؤن لاہور
اسلام آباد : 1472 آئی ٹین 10/2 اسلام آباد

وفاقی محتسب غفلت نیشنل پولیس فاؤنڈیشن اور سی ڈی اے ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم

دونوں اداروں میں رابطوں کے فقدان سے اسلام آباد سیکٹر ای الیون کے مکینوں کی مشکلات میں اضافہ ہوا، رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش

دونوں اداروں کے سربراہان بدانتظامی اور غفلت کے مرتکب ملازمین کے خلاف کارروائی کریں، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پولیس فاؤنڈیشن اور سی ڈی اے کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ سیکٹر E-11 میں غفلت اور بدانتظامی کے مرتکب ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کریں۔ قبل ازیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سیکٹر E-11 میں غیر قانونی اسپیڈ بریکرز اور دیگر بنیادی سہولیات کے فقدان کے خلاف سیکٹر E-11 کے رہائشیوں کی شکایات پر از (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

بقیہ 37

خود نوٹس لیتے ہوئے ایک اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دے کر اسے ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ انکوائری کمیٹی نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔